نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

چین کے نئے تعینات قونصل جنرل لاہور سن یان (Sun Yan) کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور کا دورہ

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے اہم میٹنگ

وزیراعلی پنجاب کی ہدایت پر متعارف کئے گئے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کو کاشتکاروں کی طرف سے بڑی پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔

سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: یکم اپریل **2026** ( ) چین کے نئے تعینات ہونے والے قونصل جنرل لاہور سن یان (Sun Yan) نے ایگریکلچر ہاؤس لاہور کا دورہ کیا۔اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی، سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور سیکرٹری لائیوسٹاک احمد عزیز تارڑ کے ساتھ اہم میٹنگ منعقد ہوئی۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت انفارمیشن پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی

اس موقع پر وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب کی قیادت میں زرعی پیداوار بڑھانے کے لیے متعدد اقدامات پر عمل درآمد جاری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ 200 ارب روپے سے زائد کے بلاسود قرض کی سہولت کسان کارڈ کے ذریعے 8 لاکھ کاشتکاروں کو فراہم کی جارہی ہے،اور کسان کارڈ کے ذریعے زرعی مداخل کی خرید سے فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار پر مثبت اثرات مرتب ہورہے ہیں۔زرعی شعبہ میں میکنائزیشن کے فروغ کے لیے موجودہ حکومت نے 66 ارب روپے خرچ کیے ہیں۔علاوہ ازیں،کاشتکاروں کے لیے ون سٹاپ سالیوشن کے تحت 4 ایگری مالز فنکشنل جبکہ 10 ایگری مالز زیرتعمیر ہیں۔اس کے علاوہ سموگ پر قابو پانے کے لیے 10 ہزار سپر سیڈرز سبسڈی پر فراہم کیے جارہے ہیں۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ فروزن میٹ ایکسپورٹ کے لیے حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے چین کا تعاون درکار ہے۔لائیوسٹاک میں منہ کھر کی بیماری سے محفوظ جانوروں کے لیے 8 کمپارٹمنٹس کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔انہوں نے بتایا کہ وزیر اعلی پنجاب کی ہدایت پر متعارف کئے گئے ایگریکلچر ٹرانسفارمیشن پلان کو کاشتکاروں کی طرف سے بڑی پذیرائی حاصل ہورہی ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب نے چائنا کے دورہ کے دوران زرعی مشینری کے مینوفیکچرنگ پلانٹس کا جائزہ لیا۔علاوہ ازیں، وزیر زراعت پنجاب کی قیادت میں محکمہ زراعت کے اعلی سطحی وفد نے اکتوبر 2025 کے دوران چین

کا کامیاب دورہ کیا۔ دورہ کے دوران 7 اہم مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط کیے گئے اور تمام پر عمل درآمد جاری ہے۔ مزید تیزی کے لیے قونصلیٹ جنرل لاہور کا تعاون درکار ہے۔ افتخار علی سہو نے بتایا کہ کپاس کے بیج کی تحقیق اور جرم پلازم (Germplasm) کے لیے چین کا خصوصی تعاون درکار ہے۔

اجلاس کے دوران چائنیز قونصل جنرل سن یان نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے زرعی شعبہ کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لیے چائنیز ماہرین تکنیکی سپورٹ فراہم کریں گے، اور سمارٹ ایگریکلچر کے فروغ کے لیے چین حکومت پنجاب کے ساتھ بھرپور تعاون کرے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب کے زرعی شعبہ کے ساتھ تعاون میری ترجیحات میں شامل ہے۔ سیکرٹری لائیو سٹاک و ڈیری ڈویلپمنٹ پنجاب احمد عزیز تارڑ نے بھی محکمانہ سرگرمیوں کے بارے میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔

☆☆☆☆